# ٹینڈر ڈاکومنٹ

## برائے دوکانات، کنگ عبداللہ کیمپس، چھتر کلاس، یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر، مظفرآباد

**نوٹ: تکنیکی تجویز کالفافہ بذیل کاغذات پر مشتمل ہونا چاہیے**

۱۔ انکم ٹیکس رجسٹریشن سٹیفکیٹ ہمراہ فائلر ثبوت۔(زائدالمیعاد سٹیفکیٹ قابل قبول نہ ہوگا)۔

۲۔ بنک سٹیٹمنٹ۔

۳۔ متعلقہ فیلڈ کا تجربہ ہمراہ ثبوت۔

۴۔ ملازمین کی تفصیل۔

۵۔ بیان حلفی کہ فرم بلیک لسٹڈ نہ ہے۔

۶۔ کال ڈیپازٹ۔

۷۔ تکنیکی جانچ کاری کیلئے درکار دیگر جملہ کاغذات وغیرہ۔

**نوٹ: مالیاتی تجویز کالفافہ بذیل کاغذات پر مشتمل ہونا چاہیے**

۱۔ انرا خ۔

۲۔ تکنیکی تجویز کے ہمراہ لف کردہ کال ڈیپازٹ کی فوٹو کاپی۔

# شرائط وضوابط

کوٹیشن دہندہ کیلئے ضروری ہیکہ وہ جملہ شرائط وضوابط کا تفصیلی مطالعہ کرنے اور دوکانات کا معائنہ کرنے کے بعد کوٹیشن فراہم کرے۔ نامکمل کوٹیشن مسترد تصور ہوگی اوراس ضمن میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ کوٹیشن دہندہ کیلئے ضروری ہیکہ وہ ٹینڈر ڈاکومنٹ کے تمام صفحات پر دستخط / مہر ثبت کرے۔

۱۔ کوٹیشن کے ہمراہ کال ڈیپازٹ (کوٹیشن نوٹس میں درج تفصیل کے مطابق) بنام جناب ناظم مالیات ومنصوبہ بندی لف کرنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر کوٹیشن قابل قبول نہ ہوگی۔

۲۔ کوٹیشن دہندہ کیلئے انکم ٹیکس فائلر ہونا ضروری ہے جسکا تحریری ثبوت فراہم کرنا ہوگا بصورت دیگر کوٹیشن مسترد تصور ہوگی۔

۳۔ کوٹیشن دہندہ اگر کسی دیگر ادارہ کو اس قسم کی سروسز فراہم کر رہا ہے / فراہم کی ہیں تو اس کا ثبوت ہمراہ کوٹیشن لف کرے۔

۴۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ کے ہمراہ تحریری معاہدہ ہوگا جس میں جملہ شرائط وضوابط درج ہونگی۔ ابتدائی طور پر معاہدہ دو سال کیلئے ہوگا جو کہ کارکردگی تسلی بخش ہونیکی صورت میں قابل تجدید ہوگا۔ اس ضمن میں ٹھیکیدار کو معاہدہ ختم ہونے سے دو ماہ قبل تحریری درخواست دینا ہوگی۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ کو بذیل تفصیل کے مطابق بوقت تحریری معاہدہ سیکیورٹی جمع کروانی ہوگی:

| شاپ نمبر | دوکانات | سیکیورٹی بوقت معاہدہ |
|---|---|---|
| 01 | Barber/Saloon | -/50,000 روپے |
| 02 | Stationery/Photostat Center | -/200,000 روپے |
| 03 | Tailor/Cobbler | -/50,000 روپے |
| 04 | Mobile/Composing Center/Computer Accessories | -/100,000 روپے |
| 05 | Laundry | -/50,000 روپے |
| 06 | Tuckshop/Bakery/Fruits/Vegetables | -/200,000 روپے |

۵۔ متذکرہ بالا شاپس صرف جامعہ ہذا کے طلباء وطالبات / ملازمین / فیکلٹی کیلئے ہونگی۔ جامعہ کی حدود سے باہر کے گاہک کو آنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۶۔ کوٹیشن بند لفافہ میں فراہم کرنا ہوگی اور لفافہ پر شاپ کا نام (جس کیلئے حصہ لیا گیا ہو) درج کرنا ضروری ہے۔

۷۔ کچی (Lead) پنسل کے ساتھ درج کردہ انراخ قابل قبول نہ ہونگے۔

۸۔ مقررہ وقت وتاریخ کے بعد موصول ہونے والی کوٹیشنز قابل قبول نہ ہونگی۔

۹۔ جامعہ ہذا کے حاضر سروس ملازمین بلاواسطہ یا بالواسطہ ٹینڈر میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔

۱۰۔ کنٹریکٹ حاصل کرنے کیلئے پرچیز کمیٹی یا جامعہ ہذا کی اتھارٹیز پر کسی قسم کا دباؤ ڈالنے کی صورت میں کوٹیشن مسترد کردی جائیگی۔

۱۱۔ یونیورسٹی کمیٹی جامعہ ہذا کو PPRA قواعد کے مطابق کوئی ایک یا تمام کوٹیشنز مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

۱۲۔ کسی بھی قسم کے اختلاف کی صورت میں یونیورسٹی کمیٹی جامعہ ہذا کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۱۳۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ اپنے طور پر ٹھیکہ کسی دوسرے شخص / فرم کو منتقل کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۱۴۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ بجلی کے میٹر کی تنصیب خود کروائے گا اور بمطابق مروجہ حکومتی شرح ماہ بماہ بلات بجلی ادائیگی کا پابند ہوگا۔ جس کی رسید دفتر ریذیڈنٹ ڈائریکٹر KAC فراہم کرنا ہوگی۔ نیز پانی کا بل بھی کمرشل / حکومتی شرح کے مطابق ادا کرنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگا۔

۱۵۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ کرایہ بروقت موصول نہ ہونیکی صورت میں تحت ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

۱۶۔ کوٹیشن دہندہ کا کسی قسم کا Criminal ریکارڈ نہیں ہونا چاہیے۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ کو متعلقہ تھانہ سے NOC حاصل کرتے ہوئے فراہم کرنا ہوگی۔

۱۷۔ خواہشمند حضرات دوکانات کا معائنہ دفتری اوقات کار کے اندر کرسکتے ہیں۔

۱۸۔ ایسے آئٹمز جنکے انراخ انتظامیہ/ حکومت کی جانب سے تعین شدہ نہ ہونگے انکے انراخ کا تعین جامعہ ہذا کی کمیٹی ازخود کریگی اور وہ تحریری معاہدہ میں درج کئے جائینگے۔ تاہم مہنگائی کے تناظر میں انراخ کمیٹی کی منظوری سے تبدیل ہو سکے گئے۔

۱۹۔ ٹھیکیدار کو منظور شدہ انراخ دوکان میں واضح جگہ پر نصب کرنا ہونگے۔

۲۰۔ ٹھیکیدار کو جس مقصد کیلئے دوکان فراہم ہوگی وہ تحریری معاہدہ میں درج ہوگا اس کے علاوہ دوکان کسی اور مقصد کیلئے استعمال کرنیکی اجازت نہ ہوگی۔

۲۱۔ حکومت کی جانب سے کسی بھی قسم کا کوئی ٹیکس لاگو ہونیکی صورت میں ٹیکس کی ادائیگی متعلقہ ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

۲۲۔ دوکان کی حفاظت و بجلی سے متعلقہ سامان ازقسم پنکھے، لائٹس وغیرہ کی تنصیب ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی اور اس ضمن میں جامعہ ہذا کسی قسم کی ادائیگی نہ کریگی۔

۲۳۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ کو دوکان میں کام کرنے والے ملازمین کی مکمل تفصیل فراہم کرنا ہوگی۔ نیز کم عمر افراد کو ملازم نہیں رکھا جائیگا۔

۲۴۔ دوکانات میں سگریٹ، پان، نسوار، گٹکا وغیرہ اور نشہ آور/ ممنوعہ اشیاء کی خرید و فروخت/ استعمال پر مکمل پابندی ہوگی اور کسی بھی غیر قانونی/ غیر اخلاقی سرگرمی کے نتیجہ میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا اور سیکیورٹی ضبط کرتے ہوئے ٹھیکیدار کو فی الفور بے دخل کر دیا جائیگا۔

۲۵۔ مضر صحت اشیاء فروخت کرنیکی اجازت نہ ہوگی۔ اس ضمن میں جامعہ ہذا کی کمیٹی اشیاء کے معیار کی جانچ پڑتال کیلئے کسی بھی وقت دوکان کا معائنہ کرنے کی مجاز ہوگی۔

۲۶۔ ٹھیکیدار کچرا و دیگر گند وغیرہ دوکان سے دور یونیورسٹی/ بلدیہ کی جانب سے مقرر کردہ filth depot تک پہنچانے اور تلف کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ نیز ایسا مواد سیوریج پائپس میں نہیں پھینکا جائیگا اور نہ ہی کھلا رکھا جائیگا۔

۲۷۔ ٹھیکیدار ٹھیکہ کی مدت کے اختتام پر دوکان اور اسکے اندر نصب شدہ جملہ مشینری و ساز و سامان (اگر یونیورسٹی کا نصب شدہ ہو تو) اسی حالت میں واپس دینے کا پابند ہوگا بصورت دیگر سیکیورٹی میں سے وضعگی عمل میں لائی جائیگی۔

۲۸۔ ٹھیکیدار اس امر کا پابند ہوگا کہ دوکانات میں طلباء و طالبات و ملازمین جامعہ سے جھگڑا نہیں کریگا اور کسی قسم کی شکایت کی صورت میں معاملہ متعلقہ ڈین/ انچارج کیمپس/ ڈائریکٹر اسٹیٹ کے نوٹس میں لائیگا، ازخود باز پرس کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۲۹۔ دوکانات میں غیر متعلقہ افراد کو داخل ہونے یا بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۳۰۔ معاہدہ کی مدت کے دوران کرایہ میں اضافہ نہیں ہوگا تاہم معاہدہ میں توسیع ہونیکی صورت میں کرایہ میں 10% کی شرح سے اضافہ کیا جائیگا۔

۳۱۔ جمع شدہ سیکیورٹی کو کرایہ وغیرہ کی مد میں ایڈجسٹ نہیں کیا جائیگا۔ سیکیورٹی کی واپسی جملہ واجبات کی ادائیگی و کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں ممکن ہوگی۔

۳۲۔ دوکان کو کسی قسم کے نقصان کی صورت میں جملہ مرمتی وغیرہ ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

۳۳۔ کوٹیشن دہندہ کو اپنی کوٹیشن میں کم از کم ایک ریفرنس فراہم کرنا ہوگا جس سے کوٹیشن دہندہ کی فراہم کردہ معلومات کی تصدیق ہو سکے۔

۳۴۔ درج بالا شرائط و ضوابط تحریری معاہدہ کا حصہ ہونگی۔ معاہدہ کیلئے اسٹامپ پیپر فراہم کرنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔

اسٹیٹ آفیسر/

سیکرٹری کمیٹی

نوٹ: ٹینڈر کی کشادگی آزاد جموں وکشمیر پبلک پروکیورمنٹ قواعد 36(b) کے تحت "واحد مرحلہ جاتی۔ دولفافہ جاتی طریقہ کار" کے تحت عمل میں لائی جائیگی۔ کوٹیشن دہندگان کو تکنیکی تجویز اور مالیاتی تجویز الگ الگ لفافہ جات میں جمع کروانا ہونگی اور لفافہ جات پر جلی حروف میں تکنیکی تجویز اور مالیاتی تجویز لکھا ہونا چاہیے۔ ابتدائی طور پر صرف تکنیکی تجویز کی کشادگی عمل میں لائی جائیگی اور پہلے سے طے شدہ طریقہ کار کے تحت تکنیکی جانچ کاری مکمل کی جائیگی۔ تکنیکی جانچ کاری مکمل ہونے کے بعد صرف کوالیفائی کرنے والی فرم ہاء کی مالیاتی تجاویز کشادہ کی جائینگی۔ مالیاتی تجاویز کی کشادگی کیلئے تاریخ اور ٹائم کی بابت کوالیفائی کرنے والی فرم ہاء کو پیشگی مطلع کیا جائیگا۔ جبکہ مسترد ہونے والی فرم ہاء کی مالیاتی تجویز بغیر کھولے واپس کردی جائینگی۔

## Technical Evaluation Criteria (Passing Marks: 60)

فرم کا آزاد جموں وکشمیر میں انکم ٹیکس رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے، بصورت دیگر کوٹیشن مسترد کردی جائیگی۔

نیز نان فائلر ہونیکی صورت میں بھی کوٹیشن مسترد تصور ہوگی۔ اور اس ضمن میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

| Sr No | Description | Marks |
|---|---|---|
| 01 | Lenth of Business/Experience in relevant field (Minimum 03 years)<br>Less than 03 years: 0 Marks<br>05 marks for 03 years<br>01 additional mark per year upto max of 08 years | 10 (Max) |
| 02 | Bank Statement (Last One Year)<br>Average Balance Less than 0.5 Million: 0 Marks<br>Average Balance 0.5 Million: 05 Marks<br>Average Balance 0.5 marks for each lakh upto max of 2.5 Million | 15 (Max) |
| 03 | Similar Job/Contract (Completed)<br>(05 marks for each job, maximum 03 jobs/contract will be considered) | 15 (Max) |
| 04 | Similar Job/Contract (In-hand)<br>(05 marks for each job, maximum 03 jobs/contract will be considered) | 15 (Max) |
| 05 | Litigation History<br>(05 marks for having no ligitation history, to be provided on stamp paper) | 05 |
| 06 | Income Tax Return filed during the last four years (Attach relevant documents) 2.5 marks for each year | 10 |
| 07 | Relevant Authority Certificate | 05 |
| 08 | Presentaiton/Interview/Physical Verification | 25 |

زیردستخطی کو بالا قوائد وضوابط / شرائط سے مکمل اتفاق ہے

نام ---------------------------------------------------

دستخط ---------------------------------------------------

ایڈریس ---------------------------------------------------

ٹیلی فون نمبر ---------------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر ---------------------------------------------------

نیشنل ٹیکس نمبر ---------------------------------------------------

## مالیاتی تجویز

زیر دستخطی کو جملہ قوائد وضوابط/ شرائط سے مکمل اتفاق ہے:

نام ------------------------------------------------

دستخط ------------------------------------------------

نام فرم ------------------------------------------------

ٹیلی فون نمبر ------------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر ------------------------------------------------

نیشنل ٹیکس نمبر ------------------------------------------------

پتہ برائے خط وکتابت ------------------------------------------------

------------------------------------------------

------------------------------------------------

دوکانات کے کم ازکم کرایہ کا تعین محکمہ فزیکل پلاننگ وہاؤسنگ کے جاری شدہ نوٹیفکیشن محررہ 09 جون 2020ء کے مطابق مظفرآباد/ میرپور/ کوٹلی/ راولاکوٹ Other Area Category I کے تحت کیا گیا ہے۔ کوٹیشن دہندہ کو کرایہ کے ضمن میں اپنی پیشکش (offer) فراہم کرنا ہوگی۔ کمیٹی دیگر شرائط وضوابط و پیش کردہ (offer) کرایہ کا معائنہ کرنے کے بعد حتمی فیصلہ کر یگی۔

| شاپ نمبر | دوکانات | سائز | کم ازکم کرایہ | پیش کردہ (offer) کرایہ |
|---|---|---|---|---|
| 01 | **Barber/Saloon** | 14' x 40' = 560 sqft | 10,080/- روپے | |
| 02 | **Stationery/ Photostat Center** | 14' x 40' = 560 sqft | 10,080/- روپے | |
| 03 | **Tailor/Cobbler** | 14' x 40' = 560 sqft | 10,080/- روپے | |
| 04 | **Mobile/Composing Center/ Computer Accessories** | 14' x 40' = 560 sqft | 10,080/- روپے | |
| 05 | **Laundry** | 14' x 46' = 644 sqft | 11,592/- روپے | |
| 06 | **Tuckshop/Bakery/ Fruits/Vegetables** | 14' x 46' = 644 sqft | 11,592/- روپے | |

اسٹیٹ آفیسر/
سیکرٹری کمیٹی